# حیض کی حالت میں اسمائے حسنیٰ پڑھنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا عورت حیض (ماہواری) کی حالت میں اسمائے حسنیٰ پڑھ سکتی ہے؟ یا اسمائے حسنیٰ کا وظیفہ کر سکتی ہے؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! عورت حیض کی حالت میں اسمائے حسنیٰ (اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام) پڑھ سکتی ہے اور ان کا وظیفہ بھی کر سکتی ہے، جبکہ ان میں سے جو اسماء قرآن پاک میں مذکور ہیں، ان کو قرآن کی نیت سے نہ پڑھے بلکہ حمد وثنا کی نیت سے پڑھے کیونکہ خواتین کے لئے حیض کے دنوں میں قرآن مجید کے علاوہ تمام اذکار، کلمہ شریف، درود شریف، دعائیں وغیرہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، اور جو اذکار و دعائیں قرآن پاک میں ہیں، ان کو بنیت حمد وثنا یا بنیت دعا پڑھ سکتی ہے جبکہ وہ قرآ نیت کے لیے متعین نہ ہوں، البتہ بہتر یہ ہے کہ ان کو پڑھنے سے پہلے وضو یا کلی کر لی جائے۔

سنن ترمذی میں ہے "عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا تقرأ الحائض، ولا الجنب شيئا من القرآن" ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حائضہ اور جنبی قرآن میں سے کچھ نہ پڑھیں۔ (سنن الترمذی، جلد 01، صفحہ 174، رقم الحدیث 131، مطبوعہ دارالغرب الاِسلامی، بیروت)

تنویر الابصار مع الدر المختار میں ہے "ولا بأس لحائض وجنب بقراءة أدعية ومسها وحملها وذكر الله تعالى وتسبيح" یعنی: حائضہ اور جنبی کے لئے دُعاؤں کو پڑھنے، انہیں ہاتھ لگانے اور انہیں اٹھانے میں اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے میں اور تسبیحات پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔ (الدرالمختار، صفحہ 44، مطبوعہ دارالکتب العلمیہ، بیروت)

درمختار میں ہے "(و) يحرم به (تلاوة قرآن) ولو دون آية المختار (بقصده) فلو قصد الدعاء أو الثناء۔۔۔ حل" ترجمہ: اور اس (یعنی جنبی و حائضہ) کے لیے قرآن کی نیت سے قرآن پڑھنا حرام ہے، مختار قول کے مطابق اگرچہ ایک آیت سے کم بھی پڑھے۔ اور اگر دعا اور ثناء کی نیت سے پڑھے تو جائز ہے۔ (الدرالمختار، صفحہ 29، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ)

فتاویٰ رضویہ میں ہے "تمام کتب میں آیات ثنا کو مطلق چھوڑا اور اس میں ایک قید ضروری ہے کہ ضروری یعنی بدیہی ہونے کے سبب علماء نے ذکر نہ فرمائی وہ آیات ثنا جن میں رب عزوجل نے بصیغہ متکلم اپنی حمد فرمائی جیسے و انی لغفار لمن تاب ان کو بنیت ثنا بھی پڑھنا حرام ہے کہ وہ قرآنیت کے لئے متعین ہیں بندہ انہیں میں انشائے ثنا کی نیت کرسکتا ہے جن میں ثنا بصیغہ غیبت یا خطاب ہو۔" (فتاویٰ رضویہ، جلد 1، حصہ 1، صفحہ 1113، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

حائضہ عورت کے متعلق بہارِ شریعت میں ہے "قرآن مجید کے علاوہ تمام اذکار کلمہ شریف، درود شریف وغیرہ پڑھنا بلا کراہت جائز بلکہ مستحب ہے اور ان چیزوں کو وضو یا کلی کرکے پڑھنا بہتر اور ویسے ہی پڑھ لیا جب بھی حرج نہیں اور ان کے چھونے میں بھی حرج نہیں۔" (بہارشریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 379، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3984

**تاریخ اجراء:** 07 محرم الحرام 1447ھ/03 جولائی 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net